# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

## طالب علم کی طالب علم سے امتیازیت، جنسی اور دیگر ایذا رسانی، دھمکانا، غنڈا گردی

**1. میں کس طرح غنڈا گردی اور / یا جنسی ایذا رسانی کرنے کی رپورٹ کر سکتا ہوں؟**

آپکے اسکول کو بتانا اس لیے اہم ہے کیونکہ وہ اسے یقینی بنانے کے لیے صحیح اقدامات لے سکتے ہیں کہ ایسا طرز عمل ختم ہو جائے اور آپ / آپکے بچے کو مدد مل سکے۔

آپ ایک ایسے واقعہ کی جس سے آپ، اپکا بچہ، یا دیگر بچے متاثر ہوئے ہیں جنہیں دھمکایہ یا ڈرایا گیا ہے بذریعہ ذیل انداز میں رپورٹ کر سکتے ہیں:

- اپنے اسکول میں کسی استاد یا دیگر عملے کے رکن سے کہہ کر
- اس فارم کو مکمل کرنے کے بعد اپنے اسکول کے کسی عملے کے رکن کے حوالے کر کے
- محکمئہ تعلیم کی آن لائن پورٹل پر یہاں شکایت درج کریں: https://www.nycenet.edu/bullyingreporting

رپورٹ درج کرانے کے بعد، والدین انتظامیہ سے اسکا واقعہ نمبر کا کہہ سکتے ہیں، جسے آن لائن واقعہ رپورٹنگ کا نظام (OORS) بھی کہتے ہیں۔

**2. مدد حاصل کرنے کے لیے، میں محکمئہ تعلیم کی پالیسیوں اور طریقئہ کار کے بارے میں کیسے جان سکتا ہوں؟**

محکمئہ تعلیم کی پالیسیوں اور طریقئہ کار کے بارے جاننا بہت اہم ہے۔ مزید معلومات جاننے اور مدد طلب کرنے کے لیے آپ ذیل میں دیے گئے افراد کے ساتھ بات کر سکتے ہیں:

- اپنے اسکول کا سب کا احترام (RFA) رابطہ کار
- اپنے اسکول کا انسداد جنسی ایذا رسانی (SFA) رابطہ کار
  - یہ RFA اور SHP رابطہ کاران طلبا اور والدین کی معاونت کرنے اور غندا گردی اور جنسی ایزارسانی سے نمٹنے کے لیے آپکے اسکول کے ساتھ کام کرنے کے لیے تربیت یافتہ ہیں۔
  - اگر آپ اپنے اسکول کے ان رابطہ کاران سے واقف نہیں ہیں:
    - کسی عملے کے فرد سے پوچھیں
    - اپنے اسکول میں سب کا احترام اور نگرانی و احترام کے پوسٹرز پرانکے نام تلاش کریں۔
    - www.schools.nyc.gov پر جائیں،اپنا اسکول تلاش کریں، اور "اسکول کے رابطے اور معلومات" کی ذیل میں درج اپنے رابطہ کاران تلاش کریں۔
- آپکے اسکول کے کسی استاد یا عملے کے رکن سے معلوم کریں

اگر آپ اپنے اسکول کے باہر محکمئہ تعلیم میں کسی فرد سے بات کرنے کو ترجیح دیتے ہیں، یہاں مدد حاصل کرنے کے چند مزید طریقے ہیں:

- سب کا احترام کو اس نمبر پر رابطہ کریں 718-935-2288، یا ای میل کریں RespectForAll@schools.nyc.gov
- اگر آپ کی پریشانی کا سبب جنسی یا جنس کی بنیاد پر ایذا رسانی کے بارے میں ہے محکمئہ تعلیم کو Title IX Coordinator اس پر ای میل کریں Title_IX_Inquiries@schools.nyc.gov.

مزید معلومات کے لیے براہِ کرم یہاں جائیں https://www.schools.nyc.gov/school-life/school-environment/respect-for-all.

**3. اگر آپ / آپ کا بچہ غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں یا مدد درکار ہے کہ آپ کا اسکول کس طرح آپ کو مدد فراہم کر سکتا ہے، اور مجھے کس طرح معاونتوں کے لیے درخواست دینی چاہئیے؟**

جتنی جلد ممکن ہو سکے اپنے اسکول کے کسی عملے کے رکن کو اطلاع دیں۔ آپ کا اسکول آپ کے ساتھ ملکر کام کریگا اور معاونتیں فراہم کریگا تاکہ آپ / آپکا بچہ محفوظ محسوس کر سکیں۔

- آپ کسی بھی وقت امداد بشمول اسکول کی بطور شکایت تفتیش سے قبل، دوران یا بعد درخواست کر سکتے ہیں۔
- اسکول کئی طریقوں سے آپ / آپ کے بچے کی انفرادی ضروریات میں مدد کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر:
  - آپکا اسکول برادری میں آپ / آپکے بچے کا رابطہ ایک اسکول مشیر، سماجی کارکن، ماہر نفسیات، یا ایک ذہنی صحتی پیشہ ور سے کروا سکتا ہے۔
  - آپکا اسکول آپ کے ساتھ ملکر تعلیمی امداد اور ترمیم، جیسے کلاسوں، لنچ / آدھی چھٹی، یا بعد از اسکول کے بعد کا پروگرام کے نظام الاوقات میں تبدیلی کر سکتا ہے۔
  - اسکول آپ / آپ کے بچے کے ساتھ ملکر ایک انفرادی معاونتی منصوبہ سازی کر سکتا ہے تاکہ آپ / آپکے بچے کی مخصوص ضروریات پوری کی جا سکیں۔ یہ منصوبہ ان فراہم کردہ معاونتوں کی وضاحت کریگا جو اسکول دن اور محکمئہ تعلیم کے پروگراموں / سرگرمیوں فراہم کی جائیں گی۔ اس میں عملے کے ذریعے باقاعدگی سے نگرانی کرنا اور اسکول کے خصوصی عملے کا ایک مخصوص وقت کےدوران مدد فراہم کرنا شامل ہو سکتا ہے تاکہ اس طرزعمل کے خاتمے کو یقینی بنایا جا سکے۔
  - اگر آپ کے بچے کو کوئی معذوری ہے اور آپکو اندیشہ ہے کہ ایسا سانحہ آپکے بچے کے سیکھنے، بولنے پر اثرانداز ہو رہا ہے، اپنے بچے کی IEP ٹیم، سیکشن 504 اور اسکول انتظامیہ سے بات کریں۔
- اگر ایک والدین یا طالب علم کے تفتیش کے دوران سولات ہیں، وہ RFA یا SHP رابطہ کاران یا پرنسپل سے پوچھ سکتے ہیں۔

**4. شکایات کی تفتیش کس طرح کی جاتی ہیں؟**

آپ کے اسکول کے عملے کا ایک رکن ذیلی اقدامات لیتے ہوئے شکایت کی تفتیش کرے گا:

- اس واقعہ میں ملوث طلبا سے علیحدہ علیحدہ بات کی جائیگی
- اگر دیگر کوئی طالب علم جسے اس واقعے (جیسے وڈیو، ٹیسکٹ پیغامات، سوشل میڈیا پر اشاعت) کے بارے میں کچھ علم ہے ان سے واقعے کے بارے میں سولات ہونگے کہ کیا ہوا تھا۔
- ان سے ایک تحریری بیان تیار کرنے کا کہا جائیگا
- علیحدہ سے دوسروں سے بات کی جائیگی جنہوں نے شائد دیکھا ہے کہ کیا ہوا تھا، جنہیں کچھ معلوم ہے کہ کیا ہوا تھا، یا کوئی ثبوت کا موجود ہونا اور ان سے ایک تحریری بیان تیار کرنے کا کہا جائیگا۔

جنسی ایذا رسانی کے مخصوص اقسام کے واقعات کے لیے: زمرہ IX، جو ایک وفاقی قانون ہے، جسکے تحت لازمی ہے کہ محکمئہ تعلیم کی زمرہ IX ٹیم اسکول کی تفتیش سے ہٹ کر ایک علیحدہ تفتیش کرے گی۔ زمرہ IX کی تفتیش اسکول کی تفتیش سے مخلتلف ہوتی ہے۔ اگر واقعہ کی تفتیش زمرہ IX کریگی آپ کو اسکی اطلاع دی جائے گی۔

زمرہ IX کے متعلق مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:

- https://infohub.nyced.org/docs/default-source/default-document-library/doe-overview-of-title-ix-investigations-notice-of-rights.pdf
- https://www.schools.nyc.gov/about-us/policies/non-discrimination-policy/title-ix

**5. تفتیش کے بعد اسکول کے فیصلے کی اطلاع مجھے کس طرح دی جائے گی؟**

- تفتیش کے دوران اسکول حاصل کردہ تمام معلومات پر غور کریگا اور ایک فیصلہ کریگا کہ کیا ہوا تھا اور آپ / آپ کے بچے کی کس طرح مدد کی جائے۔

- اسکول اس واقعہ میں ملوث طلبا کے والدین کو رپورٹ ملنے کے 10 اسکول دنوں کے اندر اس فیصلے کے بارے میں ایک خط دیگا۔ کبھی کبھار اسکول کو تفتیش کے لیے مزید وقت درکار ہوتا ہے۔
- آپکے اسکول میں معاونتیں دستیاب ہیں اس کے لیے آپ کو اسکول سے بات چیت کرنے کے لیے رابطہ کرنا چاہئیے۔
- اس واقعہ میں ملوث طالب علم کے والدین کو انکے اپنے بچے کے بارے میں معلومات دی جائیں گی۔ اسکول والدین کو دوسرے طالب علم کو دی جانے والی معاونتوں یا نظم و ضبط کے بارے میں نہیں بتائے گا۔

**6. اگر مجھے اسکول کی جانب سے فراہم کردہ مدد سے زیادہ معاونت کی ضرورت ہے، میں کس طرح مدد حاصل کر سکتا ہوں؟**

اگر آپ کو اسکول کی جانب سے دی جانے والی معاوتوں سے زیادہ مدد درکار ہے، آپ ذیل میں سے کوئی کام کر سکتے ہیں:

- مزید معاونت کی شکایت آن لائن یہاں درج کرائیں https://www.nycenet.edu/bullyingreporting
- کسی ایسے عملے کے رکن جس کے ساتھ بہتر محسوس کریں بات کریں
- سب کا احترام کو اس نمبر پر رابطہ کریں 718-935-2288، یا ای میل کریں RespectForAll@schools.nyc.gov
- تیز عمل (Escalation) عملے کا مدد کا درخواست فارم مکمل کریں اور اسے خاندانی معاونتی رابطہ کار کو ای کریں جو آپ کے اسکول نگرانی کرنے والا مہتمم ہے: https://cdn-blob-prd.azureedge.net/prd-pws/docs/default-source/default-document-library/request_for_escalation_staff_assistance_form.pdf?sfvrsn=53b062c1_20
- مہتمم کے دفتر میں خاندانی معاونتی رابطہ کار سے رابطہ کریں:
- https://www.schools.nyc.gov/about-us/leadership/district-leadership

**7. کیا شکایت ایک راز ہے؟**

آپ کا اسکول جانتا ہے کہ آپکی رپورٹ بہت حساس ہے، اور ہر ممکن کوشش کی جائیگی کہ:

- جتنا ممکن ہو سکے رپورٹوں کو خفیہ رکھا جائے
- صرف تفتیش کی ضرورت کے تحت یا طلبا کی حفاظت کے لیے معلومات ظاہر کیا جائے۔

والدین کو انکے بچے کے واقعات میں ملوث ہونے کے بارے میں بتایا جائے۔ طلبا کو اپنے اسکولوں کو اطلاع دینی ہوگی کہ انہیں والدین کو اطلاع دینے میں مسئلہ درپیش ہے۔ اسکول طلبا اور والدین کے ساتھ ملکر معاونت فراہم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

اگر اس رپورٹ میں ایک جرم کا ارتکاب ہوا ہے، اسکول کو لازماً نیو یارک محکمئہ پولیس کو اطلاع دینی ہوگی۔

**چانسلر کے ضابطے:**

A-831: https://www.schools.nyc.gov/docs/default-source/default-document-library/a-831-10-23-2019-final-remediated-wcag2-0

A-832: https://www.schools.nyc.gov/docs/default-source/default-document-library/a-832-student-to-student-discrimination-harassment-intimidation-and-or-bullying